الفوز اکیڈمی

معارف نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

(پانچ سو مختصر احادیث برائے حفظ)

www.KitaboSunnat.com

خلیل الرحمٰن چشتی

سلسلہ تعلیمات قرآن و سنت : 34

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

الفوز اکیڈمی کے قیام کا بنیادی مقصد

کتاب وسنت کی خالص، ٹھوس، مستند اور اساسی تعلیمات، جدید طریقہ ہائے تدریس کے ذریعے تعلیم یافتہ افراد تک پہنچانا ہے۔

الفوز اکیڈمی ایک غیر سیاسی اسلامی تربیت گاہ ہے۔ یہاں قرآن کی زبان، اور قرآنی علوم کے علاوہ، اُصولِ حدیث، اُصولِ فقہ اور متفرق موضوعات پر فہم دین کے لیکچرز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

اکیڈمی، مختلف کورسز کے ذریعے جدید تعلیم یافتہ طبقے کی فکری، اور عملی تربیت کرتی ہے تاکہ وہ فرقہ پرستی سے بالاتر ہو کر دینِ حنیف کی تبلیغ کریں اور دعوتِ دین کو اپنی زندگی کا نصب العین بنائیں۔ اکیڈمی اسلامی تعلیمات اُخوت سے، لسانی، نسلی، صوبائی اور دیگر گروہی تعصبات کا خاتمہ کر کے، باہمی اسلامی رواداری اور یکجہتی کی فضا قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

Al-Fawz Academy
Street 15, Police Foundation,
Golra, E-11/4, Islamabad
Tel:+92-51-22 22 418-251 88 29
Fax:+92-51-22 22 457
Email:chishti@apollo.net.pk

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَعَارِفِ نَبوِی ﷺ

PROPHETIC WISDOM

(پانچ سو مختصر احادیث برائے حفظ)

(500 Assorted Short Sayings of Prophet Muhammad(PBUH) for Memorization)

خلیل الرحمٰن چشتی

Khaleel-ur-Rahman Chishti

English Translation

Prof. Habibur Rahman Qazi

الفوز اکیڈمی

Street 15, Police Foundation,
Golra, E-11/4, Islamabad

Tel:+92-51-22 22 418-251 88 29

Fax:+92-51-22 22 457

Email:chishti@apollo.net.pk

Revised By: Dr. Ahmed Khan

Quran & Ahadith Education Series. Volume-34. Version-1

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق الفوز اکیڈمی محفوظ ہیں

نام کتاب	:	مَعارفِ نبوی ﷺ (پانچ سو مختصر احادیث برائے حفظ)
ISBN	:	969-8511-31-8
مرتب	:	خلیل الرحمٰن چشتی
ناشر	:	محمد عمر خان - ملتان 0300-6366221 0334-6066221
کمپوزنگ	:	ندیم شکور
چوتھا ایڈیشن	:	نومبر 2008ء
صفحات	:	400
قیمت	:	---- روپے

2439
خ ل ی - م

ملنے کے پتے

(1) الفوز اکیڈمی، E-11/4 اسلام آباد۔ فون: +92-51-22 22 418-251 88 29

(2) ادارہ منشوراتِ اسلامی، بالمقابل منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: 042-78-40584

(3) النور، لینڈ مارک پلازہ، LGF، شاپ نمبر 40، جیل روڈ، لاہور۔
فون: 024-587 96 56

(4) ادارہ معارف اسلامی، Block 5, D-35، فیڈرل B ایریا، کراچی۔
فون: 021-634-9840, 679-201

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

احادیث نمبر	موضوع	صفحہ نمبر
۱	ابتدائیہ	10
①	اسلام اور ایمان Islam and Belief	13
1 - 5	مسلم اور مومن Muslim And Believer	14
6 - 10	مومن کی مطلوبہ صفات Desired Characteristics of a Believer	17
11 - 15	اخوتِ اسلامی (مسلم برادری) Islamic Fraternity (Muslim Brotherhood)	20
16 - 21	فضائل امتِ محمدیہ ﷺ Superiorities of Muslim Ummah	23
②	وحی Revelation	27
22 - 26	فضائل قرآن Excellences of Holy Quran	28
27 - 31	قرآن کے حقوق Rights of the Holy Quran	31
32 - 36	اتباعِ سنت محمد رسول اللہ ﷺ Following the Sunnah of Mohammad (PBUH) the Messenger of Allah	34
37 - 42	حدیث کے حقوق Rights of Hadeeth	37
③	عقائد Aqyeed	43
43 - 47	توحید Towheed-Oneness of Allah	44
48 - 52	شرک Idolatry	47
53 - 57	شفاعت Intercession	50

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

54	Punishment of an Innovator	بدعت اور اُس کی سزا	58 - 59
56	Monasticism is Exaggeration	غلو اور مبالغہ آمیزی	60 - 64
59	Importance of right belief	صحیح عقیدے کی اہمیت	65 - 71
63	Hypocrisy and Hypocrites	نفاق اور منافقین	72 - 76
66	Taking oath by others than Allah	غیر اللہ کی قسم	77 - 79
68	Prophet hood of Muhammad (PBUH) The knowledge and piety of the Messenger of Allah (PBUH)	رسالتِ محمدی ﷺ	80 - 84
73	Superiority of Muhammad (PBUH) Prophet thood	رسالتِ محمدیؐ کی فضیلت	85 - 87
76	Perception of Death	موت کا احساس	88 - 92
79	Perception of Death	قیامت	93 - 94
81	The reality of Worldly life in Comparison with the life Hereafter	آخرت کے مقابلے میں دنیا کی حقیقت	95 - 99
84	Punishment in the grave	عذابِ قبر	100 - 105
87	The person who cannot enter paradise	جو شخص جنت میں داخل نہیں ہوسکتا	106 - 110
90	The ways that lead to paradise	جنت کے راستے	111 - 115
93	Those who deserve to be cursed	مستحقینِ لعنت	116 - 120
97	The ways that lead to Hell	جہنم کے راستے	121 - 124
100	Invitation to Islam and its Propagation	④ علم اور دعوت و تبلیغ	
101	Excellences of knowledge and propagation of Islam	علم اور دعوت کے فضائل	125 - 130
105	Desirable and Prohibited	معروف و منکر	131 - 135
110	Strategy of propagation to Islam	حکمتِ تبلیغ	136 - 138
115	Superiority of the companions of Prophet(PBUH)	صحابہؓ اور علماء کی فضیلت	139 - 143

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

117	**Pillars of Islam**	**ارکانِ اسلام**	**5**
118	Bath, Wudu (Ablution) and Tayammum	غسل، وضو اور تیمم	144 - 148
123	Five Pillars of Islam	پانچ ارکانِ اسلام	149 - 153
126	(Daily) Prayer	نماز	154 - 160
130	Recitation of Soorah Al-Faatihah is essential during prayer.	سورہ فاتحہ کی تلاوت ضروری ہے	161 - 167
135	Making rows for the prayer	نماز کی صف بندی	168 - 175
140	Spending for the sake of Allah	انفاق فی سبیل اللہ	176 - 180
143	Rate of obligatory charity the 'Nisab' of gold is twentydinar and the rate is two and a half percent (2½%)	شرح زکوٰۃ	181 - 185
146	Ramadhan and the Fasting	رمضان اور روزے	186 - 190
149	Excellence of Hajj and Umrah (Pilgrimage)	حج اور عمرہ کی فضیلت	191 - 195
153	**Excellence**	**احسان**	**6**
154	Excellence	احسان کی مختلف صورتیں	196 - 200
158	Reward of Sincerity	اخلاص کا اجر	201 - 206
163	Self Purification	تزکیہ نفس	207 - 211
168	Supererogatory Prayers	نفل نمازیں	212 - 216
171	Supererogatory Fasting	نفل روزے	217 - 221
174	Supererogatory Charity	نفل انفاق	222 - 226
177	Benevolence and Generosity	سخاوت اور فیاضی	227 - 231
182	Greed and Miserliness	بخل اور کنجوسی	232 - 236

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

187	Daily round of Prayer-formulas and recitals	⑦ اذکار و اوراد	
188	Prayer and its etiquette	دعا اور آداب دعا	237 - 241
191	Remembrance of Allah	ذکر الٰہی	242 - 246
195	Repentance and seeking forgiveness	توبہ و استغفار	247 - 251
199	Excellence of invoking Allah's blessing on the Prophet (PBUH)	فضائل درود	252 - 256
202	Social Relations معاشرت	⑧	
203	Rights of Parents	والدین کے حقوق	257 - 263
208	Rights of Children	اولاد کے حقوق	264 - 268
211	Love for Children	اولاد سے محبت	269 - 272
214	Ibheritance and will	وراثت اور وصیت	273 - 277
217	Kindness with the Relatives	صلہ رحمی	278 - 283
221	Marriage is not valid without the Women's Permission	عورت کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہوتا	284 - 285
222	Rights of Husband	شوہر کے حقوق	286 - 290
225	Financial and social rights of wife	بیوی کے مالی اور اخلاقی حقوق	291 - 295
229	The woman is allowed to take from the wealth of her miser husband for her or her children's needs without the husband's permission.	شوہر کے مال سے اخراجات	296 - 301
233	Matrimonial Etiquette	آداب ازدواج	302 - 304
235	The mother has more right over the child until she marries another person	ماں بچے پر زیادہ حق رکھتی ہے	305 - 309
238	Rights of Neighbors	پڑوسیوں کے حقوق	310 - 314
241	Rights of Guests	مہمانوں کے حقوق	315 - 318
245	Marriage	نکاح	319 - 323

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

248	Divorce and Demand bythe wife for divorce	طلاق اور خلع	324 - 328
251	Injunctions relating the covering	ستر کے احکام	329 - 333
255	Injunctions concerning women	خواتین کے احکام	334 - 338
258	Injunctions concerning dress	لباس کے احکام	339 - 343
261	**Ethics اخلاقیات**		(9)
262	Good Manners	حُسنِ اَخلاق	344 - 348
265	Arrogance and Humility	تکبر اور تواضع	349 - 353
269	Jealousy	حسد	354 - 358
273	Gravity of Knowledge	علم کی سنجیدگی	359 - 365
278	Politencess and Kindness	نرمی	366 - 368
280	Patience and Gratitude	صبر و شکر	369 - 374
285	Guarding the Tongue	زبان کی حفاظت	375 - 379
288	Etiquette of Eating	آدابِ طعام	380 - 386
292	Etiquette of greeting and hand-shake	آدابِ سلام اور مصافحہ	387 - 391
295	Resemblance with the non-believers	کافروں سے مشابہت	392 - 396
298	The Beard	داڑھی	397 - 401
302	Etiquette of Grief and Mourning	غم اور سوگ کے آداب	402 - 406
306	**Economic Affairs معاملات**		(10)
307	Etiquette and commands of Loan	قرض کے آداب واحکام	407 - 411
310	Trade and Beggeing	تجارت اور بھیک	412 - 413

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

312	Manual Labour	محنت مزدوری	414 - 419
317	Etiquette of Business	آدابِ تجارت	420 - 424
320	Charging two prices for anything in one bargain is not permissible	کسی چیز کی دو قیمتیں جائز نہیں	425 - 427
322	Unlawful Trade	حرام تجارت	428 - 433
326	Forbidden Businesses	ممنوعہ تجارتیں	434 - 438
329	The simple farmer should not be tyrannised	بھولے کسان پر ظلم نہ ہو	439 - 440
331	Injunctions regarding weights and measures	ناپ تول کے احکام	441 - 443
333	Hoarding	ذخیرہ اندوزی	444 - 447
335	Usurpation	غصب	448 - 452
339	Usury	سود	453 - 456
342	Trust and breach of trust	امانت اور خیانت	457 - 462
347	Partnership	شراکت	463 - 466
351	Rights of Servant and Employee	نوکر اور ملازم کے حقوق	467 - 472
354	**Collective Affairs(Sociology) اجتماعیت**		⑪
355	(Prejudice is the blind support of your race, colour, family, nation, tribe, easte, language and region etc.) The Ruler	عصبیت	473 - 476
358	The Ruler	امیر	477 - 481
362	Responsibilities of the ruler	حکمران کی ذمہ داریاں	482 - 485
365	Obedience of the Ruler	مامور اور اُس کی اطاعت	486 - 490
370	Consultation	شورائیت	491 - 496
375	Importance of Community	اجتماعیت کی اہمیت	497 - 501

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

380	Justice and equity	عدل وانصاف	502 - 506
385	Tyranny and Injustice	ظلم اور ناانصافی	507 - 511
388	Fighting for the sake of Allah	جہاد فی سبیل اللہ	512 - 521
395	Fighting for the sake of Allah will continue till Doomsday	جہاد قیامت تک جاری رہے گا	522

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِبتدائیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا

اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَیْرَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰہِ وَخَیْرَ الْھَدْیِ ھَدْیُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُھَا وَکُلَّ مُحْدَثَۃٍ بِدْعَۃٌ وَکُلَّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ وَکُلَّ ضَلَالَۃٍ فِی النَّارِ

منتخب پانچ سو (500) چھوٹی چھوٹی احادیث کا مجموعہ حاضرِ خدمت ہے۔ یہ مجموعہ بنیادی طور پر الفوز اکیڈمی کے کورسز کے شرکاء کے حفظ کے لئے مرتب کیا گیا ہے۔ کورسز کے دوران اکیڈمی کے شرکاء انہیں تہجد اور فجر کے درمیان یاد کرتے ہیں۔ نماز فجر کے بعد مختصر خلاصہ پیش کیا جاتا ہے۔ مقامِ مسرت ہے کہ تحریک محنت پاکستان نے اسے مفید پا کر اپنے نصاب 2006ء میں شامل کر لیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس مجموعے کی خصوصیات حسب ذیل ہیں:

(1) موضوعات متنوع ہیں ۔ عقائد، ایمانیات، عبادات، اخلاقیات، معاشرت، معاملات، سیاسیات، حلال وحرام وغیرہ جیسے تمام مضامین کا احاطہ کیا گیا ہے۔

(2) ہر موضوع پر عموماً پانچ (5) احادیث منتخب کی گئی ہیں۔ کہیں کہیں یہ تعداد کم یا زیادہ ہو گئی ہے۔

(3) ممکنہ حد تک اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ احادیث مختصر ہوں، تاکہ فوراً یاد ہو جائیں۔

(4) ترجمہ بین السطور دیا گیا ہے، تاکہ قاری اور حافظ، عربی زبان سے بھی مانوس ہوتا جائے۔

(5) ممکنہ حد تک احادیث کے مکمل حوالے درج کئے گئے ہیں اور ضعیف اور موضوع (جھوٹی) احادیث سے اجتناب کیا گیا ہے۔

البتہ بعض ضعیف احادیث بھی شامل کر لی گئی ہیں جن سے احکام لیئے گئے ہیں اور جو صحیح احادیث سے متصادم نہیں ہیں۔ ضعیف احادیث کو مخالف قرآن یا صحیح اور حسن احادیث کے مخالف ہونے پر مسترد کیا جاتا ہے۔ ضعیف احادیث کو قیاس پر ترجیح دی جاتی ہے۔

(6) کوشش کی گئی ہے کہ ہر حدیث نئے صفحے پر آئے۔ اکثر مقامات پر احادیث کو عنوان دیا گیا ہے، تاکہ فہم حدیث میں مددگار ثابت ہو۔

جو حضرات اس مجموعے کو تربیت گاہوں کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں، اُن سے گزارش ہے کہ وہ کسی ایسے عالم اور قاری کی خدمات حاصل کریں، جو عربی عبارت کا صحیح تلفظ ادا کر سکے اور جو تربیت گاہ میں ہر حدیث کے عربی متن کو پانچ دس مرتبہ شرکاء کے ساتھ دہرا سکے۔

کیسٹ کی مدد سے ان اُحادیث کو بار بار سننے سے بھی تحفیظ میں مدد مل سکتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استادِ محترم مولانا ڈاکٹر سہیل حسن صاحب کے ہونہار فرزند عامر حسن سلمہٗ نے دارالسلام کی شائع کردہ کتبِ حدیث سے دوبارہ تخریج وتصحیح کر کے احادیث کے متن اور نمبروں کا مکرر جائزہ لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اجرِ عظیم سے نوازے۔

حسبِ سابق مولانا ڈاکٹر عبدالحئی ابڑو صاحب نے بھی باریک بینی اور دقیقہ سنجی سے ساری کتاب کا جائزہ لیا ہے اور تصحیح ونظرِ ثانی کے فرائض انجام دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں بھی اجرِ عظیم سے نوازے۔

اہلِ علم سے گذارش ہے کہ وہ مرتب کو اغلاط سے مطلع فرمائیں تاکہ فوراً اصلاح ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس کوشش کو قبول فرمائے اور اپنے دین کی اس حقیر خدمت کو ہمارے لئے توشۂ آخرت بنادے۔

2 ربیع الثانی 1427ھ
یکم مئی 2006ء
اسلام آباد

طالبِ دعائے خیر
خلیل الرحمٰن چشتی

Excellence of the Guide

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ دَلَّ عَلٰی خَیْرٍ فَلَہٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِہٖ

(مسلم، کتاب الامارۃ، باب 38، حدیث 1893)

The Prophet PBUH said:
The person who guides someone towards a virtuous deed will get the reward equal to the reward of the person who performed it.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلا باب

اسلام اور ایمان

Islam and Belief

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلم اور مومن Muslim and Believer

(1) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَایُؤْمِنُ عَبْدٌ

''اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے،
کوئی شخص، اس وقت تک، مؤمن نہیں ہوسکتا،

حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ اَوْقَالَ لِجَارِہٖ مَایُحِبُّ لِنَفْسِہٖ

''جب تک کہ وہ اپنے بھائی (یا اپنے پڑوسی) کے لئے وہی چیز پسند نہ کرے،
جو وہ خود اپنے لیے پسند کرتا ہے۔''

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب 17، حدیث 45)

1:- Narrated Anas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: By the One in whose Hand is my life! None of you can be a believer unless he likes the same thing for his brother (or his neighbour) which he likes for himself.

(2) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُہٗ کُفْرٌ

''مسلمان کو گالی دینا فِسق (یعنی نافرمانی اور گناہ) ہے
اور اس کا قتال (یعنی اُس سے لڑنا) کفر ہے۔''

(صحیح بخاری، کتاب الایمان، باب 36، حدیث 48)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Abusing a muslim is sinful and fighting him is disbelief.

(3) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ

''مسلمان کی ہر چیز، دوسرے مسلمان کے لیے حرام ہے۔

دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ

اُس کا خون بھی، اُس کا مال بھی اور اُس کی عزت و آبرو بھی۔''

(صحیح مسلم، کتاب البر والصلة والادب، باب10، حدیث 2564)

3:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Everything of a muslim is sacred for another muslim; his blood, his wealth and his honour.

مسلم اور مہاجر کی تعریف

Definition of a muslim and a Muhajir (Emigrant)

(4) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ
مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ

''مسلمان وہ ہے، جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ

اور مہاجر وہ ہے، جو ہر اُس چیز سے رک جائے، جس سے اللہ نے منع فرمایا ہے۔"

(صحیح بخاری، کتاب الایمان، باب 4، حدیث 10)

4:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: The muslim is a person from whose tongue and hands the other muslims are safe, and the Muhajir (emigrant) is a person who keeps away from everything that Allah has forbidden.

مومن کی چار صفات

Four characteristics of a believer

(5) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ

"مومن نہ تو طعن وتشنیع کرنے والا اور لعنت وملامت کرنے والا ہوسکتا ہے

وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِّ

اور نہ فحش گوئی کا مرتکب اور بداخلاق ہوسکتا ہے۔"

(ترمذی، کتاب البر والصلة، باب 48 ، حدیث 1977)

5:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
A believer is neither a slanderer, nor the one who utters curses nor is obscene nor harmful.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مومن کی مطلوبہ صفات

Desired Characteristics of a believer

(6) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَاشِئْتَ

''جب تم میں شرم ہی نہ رہے، تو پھر جو چاہو کرتے پھرو!''

(صحیح بخاری، کتاب الأدب، باب 78، حدیث 6120)

6:- Narrated 'Uqbah Bin Aamir رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
If you have no modesty then do whatever you like.

(7) عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ

''پہلے (زبان سے) اعلان کرو! اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ (میں اللہ پر ایمان لایا)

فَاسْتَقِمْ

پھر اس عقیدے پر (عملاً) ڈٹ جاؤ!''

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب 13، حدیث 38)

7:- Narrated Sufyan bin Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Say that you believe in Allah then be steadfast on it.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(8) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ

''(اسلام میں) کسی کو نقصان اور تکلیف پہنچانے کی اجازت نہیں ہے۔''

(نہ نقصان پہنچایا جائے، نہ نقصان اٹھایا جائے۔)

(ابن ماجه، کتاب الاحکام، باب 17، حدیث 2340)

8:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
Neither harm, nor be harmed. (Islam does not allow you to harm anyone who has done no wrong).

مؤمن خلق کی خدمت کرتا ہے

The believer helps others

(9) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ اَخِيْهِ

''جو شخص اپنے کسی (مسلمان) بھائی کی حاجت براری میں مصروف ہو۔

كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ

اللہ تعالیٰ اُس کی ضرورتیں پوری کرنے لگتا ہے۔''

(صحیح بخاری، کتاب المظالم، باب 3، حدیث 2442)

9:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
Allah fulfils the needs of the person who fulfils the needs of his (muslim) brother.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مؤمن بخیل نہیں ہوسکتا

The believer cannot be greedy

(10) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا یَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْاِیْمَانُ فِیْ قَلْبِ عَبْدٍ اَبَدًا

''کنجوسی اور ایمان، دونوں چیزیں بیک وقت ایک مومن بندے کے دل میں کبھی جمع نہیں ہوسکتیں۔''

(سنن نسائی، کتاب الجهاد، باب 8، حدیث 3110)

10:- Narrated Abu Hurairah رضی الله تعالیٰ عنهما, The Prophet ﷺ said: Miserliness and belief (Iman) can never gather together in the heart of a believer.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامی اُخوت (مسلم برادری)

Islamic fraternity (Muslim brotherhood)

(11) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِاَخِیْهِ یَا کَافِرُ

''جو کوئی اپنے کسی (مسلمان) بھائی کو کافر کہہ کر پکارے

فَقَدْ بَآءَ بِهٖ اَحَدُهُمَا

تو ان دونوں میں سے کسی ایک پر یہ فیصلہ چسپاں ہو جاتا ہے۔''

(صحیح بخاری ، کتاب الأدب ، باب 73 ، حدیث 6103)

11:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: When a person calls his (muslim) brother: "O unbeliever!" It becomes true about one of them.

****

(12) عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ کَالْبُنْیَانِ

''ایک مؤمن، دوسرے مؤمن کے لئے دیوار کی (اینٹوں کی) مانند ہے،

یَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا

(دیوار کا) ایک حصہ، دوسرے حصے کی مضبوطی کا باعث ہوتا ہے۔''

(صحیح بخاری ، کتاب الأدب ، باب 36 ، حدیث 6026)

12:- Narrated Abu Musa رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: A believer is like (the bricks of) a wall to the other believer, of which one part strengthens the other.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(13) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُهٗ

''مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ وہ (دوسرے بھائی) پر ظلم کرتا ہے،

وَلَا یَخْذُلُهٗ وَلَا یَحْقِرُهٗ

نہ اسے اکیلا چھوڑتا ہے اور نہ اس کی تحقیر کرتا ہے۔''

(صحیح مسلم، کتاب البر والصلة و الأدب، باب 10، حدیث 2564)

13:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: A muslim is the brother of the other muslim. He neither harms him, nor deserts him, nor humiliates him.

تین دن سے زیادہ قطع تعلق جائز نہیں

To sever relations for more than three days is not permissible

(14) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ

''کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ تین دن سے زیادہ اپنے (مؤمن) بھائی سے قطع تعلق کرے،

فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ

اور جس کسی نے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کیا اور اگر اسی حالت میں مر گیا تو وہ جہنم میں داخل ہوگا۔'' (سنن ابی داؤد، کتاب الأدب، باب 55، حدیث 4914)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

14:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: It is not permissible for a muslim to sever his relations with his (muslim) brother for more than three days; and the one who breaks his relations for more than three days and dies, will enter hell.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

مصافحے سے مغفرت نصیب ہوتی ہے

Forgiveness can be obtained by shaking hands with each other

(15) عَنْ بَرَاءَ بْنِ عَازِبٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَامِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ فَيَتَصَافَحَانِ

"جب دو مسلمان، ایک دوسرے سے ملتے ہیں اور پھر مصافحہ کرتے ہیں

اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ اَنْ يَتَفَرَّقَا

تو ان دونوں کے جدا ہونے سے پہلے، ان کو بخش دیا جاتا ہے۔"

(سنن ابن ماجه ، كتاب الأدب ، باب 15 ، حديث 3703)

15:- Narrated Baraa Bin Aazab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
Whenever two muslims meet and shake hands with one another, their sins are forgiven before they separate.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضائلِ اُمت محمدیہ ﷺ

Superiorities of Muslim Ummah

(16) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ

''اُس ہستی کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے،

لَا یَسْمَعُ بِیْ اَحَدٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ یَهُوْدِیٌّ وَّلَا نَصْرَانِیٌّ

میری امتِ دعوت کا جو یہودی اور عیسائی، میری رسالت کے بارے میں سن لیتا ہے

ثُمَّ یَمُوْتُ وَلَمْ یُؤْمِنْ بِالَّذِیْ اُرْسِلْتُ بِهٖ

اور جس (قرآن وسنت) کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں، اس پر ایمان لائے بغیر مر جاتا ہے

اِلَّا کَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ

وہ لازماً دوزخ کی آگ والوں میں ہوگا۔''

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب 70، حدیث 153)

16:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ, The Prophet ﷺ said: By the One in Whose Hand is Muhammad's life! Whoever of the Jews and the Christians hears about me from this Ummah (of mine) and then does not believe in what I have been sent with (i.e. Quran and Sunnah) will be from the dwellers of hell.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(17) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلَا لَكُمُ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ

''(میرے اُمتیو!) تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ (یہود و نصاریٰ کے مقابلے میں) تمہارے لئے دوگنا اجر ہے۔'' (صحیح بخاری، احادیث الانبیاء، باب 50، حدیث 3459)

17:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Beware! for you the reward is twice (as much as the Jews and Christians will get).

قیامت تک امت میں صالحین پیدا ہوتے رہیں گے

The righteous people will continue to be born among the muslim Ummah till the Doomsday

(18) عَنْ مُعَاوِيَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَزَالُ مِنْ اُمَّتِيْ اُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِاَمْرِ اللّٰهِ

''میری امت کی ایک جماعت، اللہ کے احکام پر قائم رہے گی،

لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَ لَا مَنْ خَالَفَهُمْ

جو ان مسلمانوں کو بے یار و مددگار چھوڑ دے گا، یا اِن کی مخالفت کرے گا، وہ ان مسلمانوں کا کچھ بگاڑ نہیں سکے گا۔

حَتّٰى يَاْتِيَهُمْ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ

یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ نہ آ جائے، جب کہ وہ اسی حق پر قائم رہیں گے۔''

(صحیح بخاری، کتاب المناقب، باب 28، حدیث 3641)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

18:- Narrated Mu-aawiyah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ,The Prophet ﷺ said: A group of my followers will remain steadfast on the command of Allah. Those who desert them or oppose them will not be able to harm them until Allah decides amongst them and they will be steadfast on this (the truth).

(19) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَثَلُ اُمَّتِیْ مَثَلُ الْمَطَرِ

''میری امت کی مثال، بارش کی طرح ہے،

لَا یُدْرٰی اَوَّلُہٗ خَیْرٌ اَمْ اٰخِرُہٗ

یہ معلوم نہیں کیا جا سکتا، کہ اس کا اول بہتر ہے، یا آخر!''

(ترمذی، کتاب الأمثال، باب 6، حدیث 2869)

19:- Narrated Anas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ,The Prophet ﷺ said: The example on my Ummah (followers) is that of the rain! It cannot be found whether the first of it is better or the last!

رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنے والے

Those who love the Prophet (PBUH)

(20) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مِنْ اَشَدِّ اُمَّتِیْ لِیْ حُبًّا، نَاسٌ یَکُوْنُوْنَ بَعْدِیْ

''میری امت میں سے، میرے محبوب ترین لوگ، وہ ہوں گے، جو میرے بعد پیدا ہوں گے

یَوَدُّ اَحَدُھُمْ لَوْ رَاٰنِیْ بِاَھْلِہٖ وَمَالِہٖ

لیکن ہر ایک تمنا کرے گا کہ وہ اپنے اہل وعیال اور مال قربان کر کے میرا دیدار کرے''۔

(صحیح مسلم، کتاب الجنة و صفة نعیمها وأهلها، باب 4، حدیث 2832)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

20:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: The most beloved to me from my followers will be those who will be born after me but they will wish to see me even at the cost of sacrificing their families and their wealth.

وسوسوں پر سزا نہیں ملتی

There is no punishment for evil thoughts.

(21) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ اُمَّتِیْ مَا حَدَّثَتْ بِهٖ اَنْفُسَهَا

''یقیناً اللہ تعالیٰ نے میری امت کے دلی وسولوں سے درگزر کا فیصلہ کرلیا ہے

مَالَمْ تَعْمَلْ

جب تک وہ اُس پر عمل نہیں کرتی

اَوْ تَكَلَّمْ

یا (برے خیالات کا) زبان سے اظہار نہیں کرتی۔''

(صحیح بخاری، کتاب الطلاق، باب 11، حدیث 5269)

21:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Indeed! Allah forgives the evil thoughts that come to the minds of my followers until they act upon them or speak about them.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا باب

وحی
Revelation

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضائلِ قرآن

Excellences of Holy Quran.

(22) عَنْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ

''تم میں سے سب سے بہترین وہ شخص ہے، جو قرآن سیکھے اور اس کی تعلیم دے۔''

(صحیح بخاری ، کتاب فضائل القرآن ، باب 21 ، حدیث 5027)

22:- Narrated 'Uthman رضی اللہ تعالیٰ عنہا; The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: The best among you is the one who learns Quran and teaches it.

(23) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا

''یقیناً اللہ تعالیٰ اس کتاب (قرآن) کے ذریعے کئی لوگوں کو بلندی عطا فرماتا ہے

وَ يَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ

اور کئی لوگوں کو پستی اور ذلت سے ہم کنار کرتا ہے۔''

(صحیح مسلم ، کتاب صلاۃ المسافرین ، باب 47 ، حدیث 817)

23:- Narrated Umar رضی اللہ تعالیٰ عنہا; The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: Allah gives rise to some people by this Book (Holy Quran) and degrades some others by it.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(24) عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِقْرَأُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهٗ يَاْتِیْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شَفِيْعًا لِاَصْحَابِهٖ

''قرآن پڑھا کرو! کیونکہ قیامت کے دن یہ اپنے پڑھنے والوں کے حق میں سفارشی بن کر آئے گا۔'' (صحیح مسلم ، کتاب صلاۃ المسافرین ، باب 42 ، حدیث 804)

24:- Narrated Abu Umaamah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: Keep reciting the Holy Quran! For it will intercede for those who used to recite it, on the day of Judgement.

(25) عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ شَغَلَهُ الْقُرْاٰنُ وَ ذِكْرِیْ عَنْ مَسْاَلَتِیْ،

''جس شخص کو قرآن اور میرے ذکر نے مجھ سے سوال کرنے سے روکے رکھا۔''

اَعْطَيْتُهٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّآئِلِيْنَ

تو میں اس شخص کو مانگنے والوں کی بہ نسبت زیادہ دوں گا۔

وَ فَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰی سَائِرِ الْكَلَامِ

تمام کلاموں پر اللہ کے کلام کی فضیلت ایسی ہے،

كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ

جس طرح اللہ کو اپنی مخلوق پر فضیلت حاصل ہے۔''

(جامع ترمذی ، کتاب فضائل القرآن، باب 25 ، حدیث 2926)

25:- Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: The one who was kept away from invoking me and asking me by the Holy Quran (engrossed in study of Quran) will be given more by me than those who asked, and the superiority of the Word of Allah over all other words is like the superiority of Allah over His creation.
(shows the superiority of people engaged in study of Quran.)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(26) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ اِقْرَأْ وَارْتَقِ

''(روزِ قیامت) صاحبِ قرآن سے کہا جائے گا: پڑھتا جا! اور جنت کے زینے چڑھتا جا!

وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا

اور قرآن کی تلاوت اسی طرح (ترتیل کے ساتھ) ٹھہر ٹھہر کر کرتا جا! جس طرح تو دنیا میں تلاوت کیا کرتا تھا۔

فَإِنَّ مَنْزِلَتَكَ عِنْدَ آخِرِ آيَةٍ تَقْرَأُ بِهَا

تیری منزل وہی بلندی ہوگی، جہاں تو آخری آیت پڑھے گا۔''

(جامع ترمذی ، کتاب فضائل القرآن ، باب 18 ، حدیث 2914)

26:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ;The Prophet ﷺ said:

It will be said to the reader of the Holy Quran (on the day of Judgement): "Keep reciting! And keep going higher (in paradise)! And recite slowly as you used to recite in the world. Verily, your abode will be the place where you will recite the last verse."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن کے حقوق

Rights of the Holy Quran

(27) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ

''جو شخص قرآن مجید کو خوش الحانی سے نہ پڑھے وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں ہے۔''

(صحیح بخاری، کتاب التوحید، باب 44، حدیث 7527)

27:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: The person who does not recite Quran melodiously is not from us.

(28) عَنْ جُنْدَبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِقْرَأُوا الْقُرْاٰنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَیْهِ قُلُوْبُكُمْ

''جب تک قرآن کے بارے میں تمہارے دل ہم آہنگ رہیں، پڑھتے رہو!

فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْهُ

مگر جب توجہ ہٹ جائے تو اٹھ کھڑے ہو جاؤ!''

(صحیح بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب 37، حدیث 5060)

28:- Narrated Jundab bin Abdullah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Continue reading the Holy Quran until your hearts agree with it but stop reading when you feel disagreement.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(29) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَمْ يَفْقَهْ

''اُس شخص نے قرآن کو سمجھا ہی نہیں،

مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فِيْ اَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ

جس نے اسے تین دنوں سے بھی کم وقت میں ختم کرلیا''۔

(جامع ترمذی، کتاب القراءات، باب 13، حدیث 2949)

29:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
The one who read the whole Quran in less than three days did not understand it.

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

حفظ کو زندہ رکھا جائے

Keep the Quran fresh in your memory .

(30) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِسْتَذْكِرُوا الْقُرْاٰنَ

''قرآن کو یاد رکھنے کی پوری کوشش کیا کرو!

فَاِنَّهٗ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ

کیونکہ یہ لوگوں کے دلوں سے (رسی تڑا کر بھاگ جانے والے) اونٹ سے بھی زیادہ تیزی سے نکلتا ہے۔'' **(صحیح بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب 23، حدیث 5032)**

30:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
Keep memorizing the Holy Quran, for it runs out of the hearts of people faster than the camel (that breaks his rope and runs away).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اتباعِ سنتِ محمد رسول اللہ ﷺ

Following the Sunnah of Muhammad (PBUH) the Messenger of Allah.

(32) اَخْبَرَتْنِیْ عَائِشَةُ رضی اللہ عنہا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ:

مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ اَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ

''جس نے کوئی ایسا عمل کیا، جو ہمارے مقررہ (دینی) طریقے سے ہٹ کر ہو، تو وہ مسترد کر دیا جائے گا۔'' (صحیح مسلم، کتاب الاقضیة، حدیث 3243)

32:- Narrated Aaishah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا: The Prophet ﷺ said: The one who did something which is not in accordance with our way, will be rejected.

(33) عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا طَاعَةَ فِی الْمَعْصِيَةِ

''(اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی) نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں ہو سکتی۔

اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِی الْمَعْرُوْفِ

اطاعت صرف بھلے کاموں میں ہو سکتی ہے۔''

(صحیح بخاری، کتاب اخبار الآحاد، باب 1، حدیث 7257)

33:- Narrated Ali bin Abi Taalib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا: The Prophet ﷺ said:
There is no obedience in sin (disobedience of Allah and his Messenger). Verily, the obedience is in good deeds.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(34) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

''جس نے میری اطاعت کی، درحقیقت اس نے اللہ کی اطاعت کی،

وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰهَ

اور جس نے میری نافرمانی کی، درحقیقت اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔''

(صحیح بخاری، کتاب الأحکام، باب 1، حدیث 7137)

34:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: The one who obeyed me, verily he obeyed Allah: and the one who disobeyed me, indeed he disobeyed Allah.

رسول اللہ ﷺ کی میراث دو چیزیں ہیں

Two things are the legacy of Prophet Muhammad (PBUH).

(35) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

تَرَکْتُ فِیْکُمْ اَمْرَیْنِ

''میں نے تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑی ہیں،

لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّکْتُمْ بِهِمَا

جب تک تم ان دونوں کو مضبوطی سے تھامے رکھو گے، گمراہ نہ ہو گے:۔

کِتَابَ اللّٰهِ وَ سُنَّةَ نَبِیِّهٖ

(1) کتاب اللہ، اور (2) اس کے نبی ﷺ کی سنت۔''

(مؤطا امام مالک 'کتاب الجامع، باب 8، حدیث 1874)

35:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: I have left two things among you. You will never go astray as long as you hold them fast: These are the Book of Allah and the way of His Prophet (PBUH).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(36) عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ

''تم لوگ میری سنت کو تھامے رکھنا!

وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ

اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت پر سختی سے کاربند رہنا!

تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ

ان سے چمٹ کر رہنا! اور انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھنا!''

(سنن ابی داؤد، کتاب السنة، باب 6، حدیث 4607)

36:- Narrated Irbaad bin Saariyah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:

You hold fast to my way and the way of the rightly guided caliphs, adhere to them and grab them with your teeth.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(38) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ

''جس کسی میں بھی تین (3) چیزیں، پائی جائیں گی، اس نے ایمان کا مزہ چکھ لیا۔

اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا

(1) جس کے لیے، اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سب سے زیادہ محبوب ہو جائیں۔

وَاَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ

(2) جو کسی آدمی سے محبت کرے، تو صرف اللہ کی خوشنودی کے لیے کرے

وَاَنْ يَكْرَهَ اَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ

(3) جو کفر میں واپس پلٹنے کو اسی طرح ناپسند کرے، جیسے آگ میں پھینکے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔'' **(صحیح بخاری ، کتاب الایمان ، باب 9 ، حدیث 16)**

38:- Narrated Anas رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: The person who has three things in him has found the taste of belief: (1) That Allah and his Messenger become dearer to him than anyone. (2) That if he loves anyone, he loves him for the sake of Allah; (3) and that he hates returning to disbelief as he hates being thrown into the fire.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سنت کو زندہ کرنے کا مجموعی ثواب

The reward of reviving a Sunnah.

(39) عَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِنَّهٗ مَنْ اَحْيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِیْ قَدْ اُمِيْتَتْ بَعْدِیْ

''جس نے میرے بعد، میری فراموش کردہ کسی ''سنت'' کو زندہ کیا،

فَاِنَّ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَ مَنْ عَمِلَ بِهَا

تو اسے اس سنت پر عمل کرنے والے ہر ہر شخص کے اجر کے برابر اجر ملے گا،

مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا

لیکن اس اجر کی تقسیم میں، عمل کرنے والوں کے اجر سے کچھ کمی نہیں ہوگی۔

(جامع ترمذی ، کتاب العلم ، باب 16 ، حدیث 2677)

39:- Narrated Amr bin Awf رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: The person who revived one of my forgotten sunnahs will get the reward equal to the reward of all those who acted upon that sunnah without any loss of reward to those who followed it.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بدعتی کے لئے مجموعی گناہ

The punishment of innovator

(40) عَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةَ ضَلَالَةٍ

''اس کے برخلاف جس نے گمراہ کن ''بدعت'' کا آغاز کیا،

لَا يَرْضَاهَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

جس میں نہ تو اللہ کی رضا ہوتی ہے اور نہ اس کے رسول ﷺ کی،

كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ عَمِلَ بِهَا

تو اس شخص کو، ان تمام بدعتی لوگوں کے گناہوں کے برابر گناہ ملیں گے

لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اَوْزَارِ النَّاسِ شَيْئًا

لیکن اِن گناہوں کی تقسیم کے باوجود، گناہ گاروں کے گناہوں کے بوجھ میں کچھ کمی نہیں ہو گی''۔ (جامع ترمذی ، کتاب العلم ، باب 16 ، حدیث 2677)

40:- Narrated Amr bin Awf رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: Anyone who initiated a heretical innovation which is disliked by Allah and His messenger, will get the sin of all those who followed it without any decrease in the sins of those who followed it.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احیائے سنت، محبتِ رسول اور جنت

Revival of Sunnah, Love of the Prophet and Paradise.

(41) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَحْيَا سُنَّتِيْ فَقَدْ اَحَبَّنِيْ

''جس نے میری ''سنت'' کو زندہ کیا، تو حقیقت میں اس نے مجھ سے محبت کی،

وَمَنْ اَحَبَّنِيْ كَانَ مَعِيَ فِي الْجَنَّةِ

اور جس نے مجھ سے ''محبت کی، وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔''

(جامع ترمذی ، کتاب العلم ، باب 16 ، حدیث 2678)

41:- Narrated Anas bin Malik رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: Whoever revived my Sunnah loved me, and whoever loved me will be with me in paradise.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محدّث فقیہ بھی ہوسکتا ہے

A scholar of Hadith can be a jurist

(42) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا

''اللہ تعالیٰ اس شخص کو تروتازہ رکھے، جس نے میری حدیث سنی، اس کو یاد کیا،

ثُمَّ بَلَّغَهَا عَنِّيْ

پھر اس کو میری طرف سے آگے پہنچایا،

فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرِ فَقِيْهٍ

کیونکہ بعض اوقات ایک سمجھ دار، بات کو غیر فقیہ تک پہنچا دیتا ہے

وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ

اور بعض اوقات ایک فقیہ، اپنے سے زیادہ جاننے والے فقیہ تک بات پہنچا دیتا ہے''۔

(سنن ابن ماجه ، المقدمة ، باب 18 ، حديث 236)

42:- Narrated Anas bin Malik رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: May Allah keep the person fresh who heard a tradition of mine and memorized it, then conveyed it to others. It is possible that a wise person may convey it to an unwise person and it is also possible that he may convey it to someone who is wiser than him.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیسرا باب

عقائد

Beliefs

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Tawheed - Oneness of Allah توحید

(43) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

''قیامت کے روز، لوگوں میں میری سفارش سے فیض یاب ہونے والا، سب سے زیادہ خوش نصیب وہ ہوگا،

مَنْ قَالَ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ قَلْبِهٖ اَوْ نَفْسِهٖ

جس نے سچے دل سے (ملاوٹ کے بغیر) توحید (لا الٰہ الا اللہ) کا اقرار کیا''۔

(صحیح بخاری ، کتاب العلم ، باب 33 ، حدیث 99)

43:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: The most fortunate person who will benefit from my intercession on the day of Judgement is the one who declared sincerely from the core of his heart or soul that there is no God but Allah.

نوٹ: اِلٰہ: پناہ دینے والا، سکون دینے والا، جس سے چمٹا جائے، قوت اور اقتدار والا، بلند، چھپا ہوا، معبود، جس کی طرف شوق ہو۔

(44) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

یَقْبِضُ اللّٰهُ الْاَرْضَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

وَیَطْوِی السَّمَآءَ بِیَمِیْنِهٖ

''روزِ قیامت، اللہ تعالیٰ زمین کو اپنی مٹھی میں اور آسمان کو اپنے دائیں ہاتھ لپیٹ کر

ثُمَّ یَقُوْلُ: اَنَا الْمَلِكُ اَیْنَ مُلُوْكُ الْاَرْضِ

فرمائے گا: ''بادشاہ تو میں ہوں! زمین کے بادشاہ کہاں گئے؟''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(صحیح بخاری ، کتاب التوحید ، باب 6 ، حدیث 7382)

44:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Allah will hold the earth in His Hand and will fold up the heavens in His Right Hand and will say: "I am The King! Where are the kings of the earth?"

(45) عَنْ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

ذَاقَ طَعْمَ الْاِیْمَانِ مَنْ رَضِیَ بِاللّٰہِ رَبًّا

''اُس شخص نے ایمان کا مزہ چکھ لیا، جو اللہ کے رب ہونے پر راضی ہو گیا،

وَ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا

اسلام کے دین ہونے، اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہو گیا۔''

(صحیح مسلم ، کتاب الایمان ، باب 11 ، حدیث 34)

45:- Narrated Abbas bin Abdul Muttalib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said:
The person who is pleased with Allah as his Lord, and Islam as his religion, and Muhammad (PBUH) as his Messenger, has relished the taste of belief.

(46) عَنْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

مَنْ مَاتَ وَھُوَ یَعْلَمُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

''جو شخص اس حال میں مرا کہ یقین رکھتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے،

دَخَلَ الْجَنَّۃَ

وہ جنت میں داخل ہوگا۔'' (صحیح مسلم ، کتاب الایمان ، باب 10 ، حدیث 26)

46:- Narrated Uthman رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Whoever died and had firm belief that there is no God except Allah, will enter paradise.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(47) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَا قَالَ عَبْدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَطُّ مُخْلِصًا

"جب بندہ سچے دل سے (ملاوٹ کے بغیر) لا الٰہ الا اللہ کہتا ہے

اِلَّا فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ حَتّٰی

تو اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، یہاں تک کہ

تُفْضِیَ اِلَی الْعَرْشِ مَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ

اس کے یہ بول عرش الٰہی تک پہنچ جاتے ہیں، بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔"

(صحیح ترمذی، کتاب الدعوات، باب 127، حدیث 3590)

47:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: Whenever a slave says sincerely that there is no God except Allah, the gates of heaven are opened for him till his words reach the throne of Allah, provided he had not committed major sins.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شرک Idolatry

(48) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ مَاتَ يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا

''جو شخص اس حال میں مرے کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک (ہم سر) ٹھہرایا تھا

اُدْخِلَ النَّارَ

وہ آگ میں داخل کیا جائے گا۔''

(صحیح بخاری، کتاب الأیمان و النذور، باب 19، حدیث 6683)

48:- Narrated Abdullah bin Mas'ud رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

Whoever died as an idolater, will go to Hell.

❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁

(49) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ لَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

''جس نے اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کی کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا، وہ جنت میں داخل ہوگا،

وَمَنْ لَقِيَهُ يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ

اور جو اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا ہو، وہ جہنم میں جائے گا۔'' **(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب40، حدیث 93)**

49:- Narrated Jabir bin Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

Whoever meets Allah in a state in which he has not made any partners with Him, will enter paradise; and whoever meets Allah in a state in which he held partners with Him, will enter Hell-Fire.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(50) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنَا اَهْلٌ اَنْ اُتَّقٰى

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں ہی اس لائق ہوں، کہ صرف مجھ سے ہی ڈرا جائے،

فَلَا يُجْعَلَ مَعِيَ اِلٰهٌ اٰخَرُ فَمَنِ اتَّقٰى اَنْ يَّجْعَلَ مَعِيَ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَنَا اَهْلٌ اَنْ اَغْفِرَلَهٗ

لہذا میرے ساتھ کسی اور الہ کو شریک نہ کیا جائے اور جو میرے ساتھ کسی دوسرے الہ کو شریک کرنے سے بچے (ڈرے) گا، میں قدرت رکھتا ہوں کہ ایسے شخص کی مغفرت کردوں۔'' (جو مجھ سے ہی ڈرتا ہے) (سنن ابن ماجه 'كتاب الزهد ، باب 35 ، حديث 4299)


www.KitaboSunnat.com

وَ اِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ

اور (یاد رہے) تمہاری اولاد بھی تو تمہاری کمائی ہے
(یعنی وہ اولاد جنہیں تم رزق حلال سے پالتے ہو)

(جامع ترمذی' کتاب الأحکام ، باب 22 ، حدیث 1358)

416:- Narrated Aishah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Indeed the best meal which you ate is the one earned by yourselves and verily your children are your earnings."

حرام کمائی

Unlawful earnings.

(417) عَنْ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ رضي الله عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ

"کتے کی قیمت ناپاک ہے،

وَ مَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ

زانیہ کی اجرت بھی ناپاک ہے،

وَ كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ

اور سینگی لگانے والے (خون نکالنے والے) کی اجرت بھی ناپاک ہے۔"

(صحیح مسلم ' کتاب المساقاة ، باب 9 ، حدیث 1568)

417:- Narrated Rafi bin Khudaiij رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا , The Prophet ﷺ said:
The price of a dog is evil, the wages of a prostitute are evil, and the earnings of a cupper are evil (buying and selling of human blood is forbidden).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرام کیلئے حیلہ کرنا بھی حرام ہے

To make an excuse for something unlawful is unlawful.

(418) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ :

قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ !

''اللہ یہود کو تباہ و برباد کردے!

حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا

ان پر (مردار کی) چربی کو حرام کیا گیا تھا،
لیکن انہوں نے (حیلہ کرتے ہوئے) اس کو پگھلا کر بیچ ڈالا''۔

(صحیح بخاری 'کتاب البیوع ، باب 103 ، حدیث 2223)

418:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
"May Allah ruin the Jews! The fat of animals was forbidden for them but they (used excuses and) melted it and sold it."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حلال کو حرام نہیں کیا جا سکتا

The lawful cannot be made unlawful.

(419) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ:

اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ!

''ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: ''اے اللہ کے رسول ﷺ!

اِنِّيْ اِذَا اَصَبْتُ اللَّحْمَ اِنْتَشَرْتُ لِلنِّسَاءِ

جب بھی میں گوشت کھاتا ہوں، عورت کی خواہش بھڑک اٹھتی ہے

وَ اَخَذَتْنِيْ شَهْوَتِيْ

اور میری شہوت مجھ پر غلبہ حاصل کر لیتی ہے۔

فَحَرَّمْتُ عَلَيَّ اللَّحْمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ:

لہذا میں نے اپنے اوپر گوشت کو حرام کر لیا ہے۔''

اسی طرح کے معاملات میں، اللہ نے سورۃ المائدہ میں قرآنی وحی نازل کی: (المائدہ:87)

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ

''اے ایمان لانے والو! اللہ کی حلال کردہ چیزوں کو حرام مت کرو!''

(جامع ترمذی ، کتاب تفسیر القرآن ، باب 6 ، حدیث 3054)

419:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا:

A man came to the Prophet (PBUH) and said: "O Messenger of Allah! Whenever I eat the meat, the desire for woman flares up in me and I am dominated by this desire. So I have made the meat unlawful for me." Then Allah revealed the following verse of S urah Al-Maaidah:"O you who believe ! Forbid not the good things which Allah has made lawful for you." *(Al-Maaidah: 87)*

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آدابِ تجارت

Etiquette of Business.

تجارت میں جھوٹ سے بچنا چاہئے

Falsehood should be avoided in business.

رسول اللہ ﷺ بازار میں جا کر تاجروں سے کہتے:

(420) عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ! اِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ!

اے تاجرو! جھوٹ سے بچو! (طبرانی المعجم الکبیر، باب 5، حدیث 17598)

420:- Narrated Wathilah Bin Asquah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا:
(The Prophet (PBUH) used to go to the market place and say to the traders) "O Traders! Beware of falsehood!" (Save yourself from falsehood).

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

تجارت میں قسم سے بچنا چاہئے

Oath should be avoided in business

(421) عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِيَّاكُمْ وَ كَثْرَةَ الْحَلِفِ فِي الْبَيْعِ

''خرید و فروخت میں زیادہ قسمیں کھانے سے اجتناب کرو!

فَاِنَّهٗ يُنَفِّقُ ثُمَّ يَمْحَقُ

کیونکہ قسم سے مال تو بک جاتا ہے لیکن برکت مٹ جاتی ہے۔''

صحیح مسلم، کتاب المساقاۃ، باب 27، حدیث 1607)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

421:- Narrated Abu Qatadah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Avoid excessive swearing during trading, because it helps the sale but effaces the blessings.

صبح سویرے کے معاملات بابرکت ہوتے ہیں

There is blessing in the early morning affairs.

(422) عَنْ صَخْرِ الْغَامِدِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا

''اے اللہ! میری اُمت کی صبحوں (کے معاملات) میں برکت عطا فرمایا!''

(سنن ابن ماجه ، كتاب التجارات ، باب 41 ، حديث 2236، صحيح)

422:- Narrated Sakhr Al-Ghamidi رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "O Allah! Give blessings to the mornings of my followers." (For those who start the day early for work)

تجارت میں دھوکہ حرام ہے

Cheating is unlawful in Business.

(423) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

''جس نے ہم سے دھوکہ کیا، وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں۔''

(صحيح مسلم ، كتاب الايمان ، باب 43 ، حديث 101)

423:-Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Whoever cheated us is not one of us."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیچنے والے کو عیب ظاہر کر دینا چاہئے

The vendor should disclose the Eefect of merchandise.

(424) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ بَاعَ مِنْ اَخِيْهِ بَيْعًا

''کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو کوئی چیز فروخت کرے

فِيْهِ عَيْبٌ اِلَّا بَيَّنَهٗ

مال عیب دار ہو، اِلّا یہ کہ وہ (مال کے عیب کو) صاف صاف ظاہر کر دے۔''

(سنن ابن ماجه ، كتاب التجارات ، باب 45 ، حديث 2246، صحيح)

424:- Narrated Uqbah bin Amir رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: "It is not permissible for a muslim to sell some defective thing to his brother without disclosing its defect."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک معاہدے میں کسی چیز کی دو قیمتیں جائز نہیں

Charging two prices for anything in one bargain is not permissible

(425) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِيْ بَيْعَةٍ

''رسول اللہ ﷺ نے ایک سودے میں دو سودوں سے منع کیا ہے۔''

(مسند احمد ، مسند عبداللہ بن عمروؓ ، 377/13 ، حدیث 6339)

425:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا:
"The Prophet (PBUH) forbade from making two transactions in one business deal."

(426) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ بَاعَ بَيْعَتَيْنِ فِيْ بَيْعَةٍ

''جس نے کسی چیز کو معاہدے میں دو قیمتیں مقرر کر کے بیچا (ایک نقد اور ایک ادھار)

فَلَهٗ اَوْ كَسُهُمَا اَوِ الرِّبَا

وہ یا تو دو قیمتوں میں سے کم تر قیمت لے یا پھر سود کھائے گا۔''

(سنن ابی داؤد ، کتاب البیوع والاجارات ، باب 5 ، حدیث 3461)

426:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ, The Prophet ﷺ said:
"Whoever fixed two prices for something in one business deal (one for cash and the other for credit) he should take the lower price otherwise it will be considered interest."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(427) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ

''ایک ہی وقت میں اُدھار کی قیمت کا سودا اور نقد کی قیمت کا سودا حلال نہیں ہوسکتا۔''
(یعنی ایک ہی معاہدے میں کسی چیز کی دو قیمتیں نہیں رکھی جاسکتیں)

(سنن ابی داؤد، کتاب البیوع و الاجارات، باب 70، حدیث 3504، عن ابن عمر)

427:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
It is not permissible to fix the cash and credit prices in one deal. (It is not permissible to fix two prices in one business contract.)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرام تجارت

Unlawful Trade

تجارت میں رضامندی ضروری ہے

The consent is essential in business

(428) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِطِيْبَةٍ مِنْ نَفْسِهٖ

''کسی مسلمان کا مال اُس کی دلی خوشی اور رضامندی کے بغیر حلال نہیں ہوتا۔''

(یعنی جبری خرید وفروخت جائز نہیں) (سنن البیهقی، عن ابن عباسؓ)

428:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
The merchandise of a muslim are not permissible (to be bought or taken) without his consent. (A forced deal is not permissible)

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

ناجائز تجارت

Unlawful Trade.

(429) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا يَحِلُّ بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

''جو چیز آپ کی ملکیت واختیار ہی میں نہیں ہے، اس کا بیچنا حلال نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ يُضْمَنْ

اور نہ اس چیز کا منافع جائز ہے، جس کی ضمان آپ پر نہ آئے"

(یعنی جس میں Risk نہ ہو، جس چیز کے ضائع یا تلف ہو جانے پر یا سودے میں نقصان ہو جانے پر، آپ پر کوئی ذمے داری اور تاوان نہ پڑے، ایسا سودا ناجائز ہوگا۔)

(سنن ابن ماجه ، كتاب التجارات ، باب 20 ، حديث 2188)

429:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:

"It is not lawful to sell something which is not in your possession and it is not lawful to take the profit of something for which you are not responsible." (The business deal in which there is no risk for you. The deal in which you bear no responsibility or penalty in case of loss or damage is not lawful.)

ملکیت کے بغیر کسی چیز کو فروخت نہیں کیا جا سکتا

Nothing can be sold without possession

(430) عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:

لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

"جو چیز تمہارے پاس موجود ہی نہ ہو، اُسے فروخت مت کرو!

(سنن ابی داؤد ، كتاب البيوع ، باب 70 ، حديث 3503)

430:- Narrated Hakeem bin Hizaam رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:

"Do not sell that which you do not possess!"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبضے سے پہلے غلہ فروخت نہیں کیا جا سکتا

The grain cannot be sold without possession.

(431) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِذَا ابْتَعْتَ طَعَامًا فَلَا تَبِعْهُ

''جب تم غلہ خریدو تو اُس وقت تک اُسے فروخت نہ کرو!

حَتّٰى تَسْتَوْفِيَهُ

جب تک اُس کا قبضہ نہ حاصل کر لو!''

(صحیح مسلم، کتاب البیوع، باب 8، حدیث 1529، عن جابرؓ)

431:- Narrated Jabir رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ,The Prophet ﷺ said: "When you sell the grain, do not sell it until it comes under your possession."

(432) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ:

اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ

''رسول اللہ ﷺ نے ابہام اور دھوکے پر مشتمل سودے سے منع فرمایا ہے

(غرر سے مراد، سودے میں مال، قیمت، مقدار، نوعیت، وقت وغیرہ وغیرہ کے صحیح تعین کا نہ ہونا ہے، جس سے فریق ثانی کو نقصان ہو یا نزاع کا باعث بنے)

(صحیح مسلم، کتاب البیوع، باب 2، حدیث 1513، عن ابی ہریرہؓ)

432:- Narrated Abu Hurairah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا , : "The Prophet (PBUH) forbade from ambiguous and deceptive bargain." ('Gharar' (غَرَرِ) is a business deal in which the merchandise, its price, quantity, nature , time of delivery etc are not determined and which can cause a loss to the other party or can cause a dispute.)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(433) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْأَصْنَامِ

"اللہ اور اُس کے رسول ﷺ نے شراب، مردار، خنزیر اور اصنام (بتوں) کی تجارت کو حرام ٹھہرایا ہے۔"

(صحیح بخاری، کتاب البیوع، باب 112، حدیث 2236، عن جابرؓ)

433:- Narrated Jabir bin Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:

"Allah and his Messenger (PBUH) have forbidden the sale of wine, dead animals (not slaughtered), pigs and idols."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ممنوعہ تجارتیں

Prohibited businesses.

(434) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ :

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ

اِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت وصول کرنے سے منع کیا ہے، البتہ شکاری کتے کی خرید وفروخت جائز ہے۔'' (سنن نسائی ، کتاب الصید، باب 16 ، حدیث 4306 ، عن جابرؓ)

434:- Narrated Jabir bin Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا:
"The Prophet (PBUH) forbade the sale of a dog except the hunting dog."

(435) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ :

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

''یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے،

نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا

پکنے سے پہلے پھلوں کی خرید وفروخت سے منع فرمایا،

نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُبْتَاعَ

اس معاملے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فروخت کنندہ اور خریدار دونوں پر پابندی عائد کی۔''

(صحیح بخاری ' کتاب البیوع ، باب 85 ، حدیث 2194)

435:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا:
"The Prophet (PBUH) forbade the sale of fruits before ripening. He forbade both the seller and the buyer from it."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(436) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

لَا يَسُمِ الْمُسْلِمُ عَلٰى سَوْمِ الْمُسْلِمِ

''کوئی مسلمان شخص، اپنے مسلمان بھائی کے سودے کے طے ہو جانے کے بعد، اس چیز کا بھاؤ نہ کرے۔'' (صحیح مسلم 'کتاب البیوع ،باب 4 ، حدیث 1515)

436:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said: "No muslim should make an offer after the deal has been finalized with a muslim brother."

(437) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ:

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''محاقلہ''، ''مزابنہ'' اور ''مخابرہ'' سے منع فرمایا۔

محاقلہ: گندم کی کاشت کو، غلے یعنی خشک گندم کے بدلے فروخت کرنا۔

مزابنہ: درختوں کے پھلوں اور کھجوروں کو خشک کھجور یا پھل کے بدلے فروخت کرنا۔

مخابرہ: زمین کو استثناء یا دیگر ناجائز شرائط کے ساتھ بٹائی پر دینا۔

وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ

پھلوں کے پکنے سے پہلے بیچنے سے بھی منع فرمایا

وَلَا يُبَاعُ اِلَّا بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ اِلَّا الْعَرَايَا

اور (حکم دیا) کہ پھلوں کو چھوٹے تبادلے یا تحفے میں دینے کے علاوہ دوسری تمام صورتوں میں درہم اور دینار کے بدلے ہی فروخت کیا جائے۔''

(صحیح مسلم 'کتاب البیوع ، باب 16 ، حدیث 1536)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

437:- Narrated Jabir bin Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا
"The Prophet (PBUH) forbade from 'Muhaaqalah' (مُحَاقَلَہ), and 'Muzabanah' (مُزَابَنَۃ), and Mukhabarah' (مُخَابَرَۃ) and from the sale of fruit before it ripens and from its sale except for Dirham and Dinar (Money).However, he allowed its exchange in smaller quantity and he also allowed giv ing it as a gift."
Muhaaqalah (مُحَاقَلَہ) : The sale of grain while still in growth.
Muzaabanah (مُزَابَنَۃ): The sale of fruits and dates which are still on trees in exchange for dry dates or fruits.
Mukhaabarah (مُخَابَرَۃ): To give the land for cultivation on exceptional or unlawful conditions.

(438) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ :

نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ بَیْعِ الْحَصَاۃِ وَعَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ

''رسول اللہ ﷺ نے کنکر پھینک کر حدود کا تعین کرنے کی خرید وفروخت اور دھوکے اور ابہام کی بیع سے منع کیا''۔
(صحیح مسلم ' کتاب البیوع ، باب 2 ، حدیث 1513)

438:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا:
"The Prophet (PBUH) forbade the sale by determining the boundaries by throwing pebbles and he also forbade the deceptive and ambiguous sale."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھولے کسان پر ظلم نہ ہو

The simple farmer should not be tyrannised / exploited.

(439) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ

''(تجارتی) قافلوں سے (سامان کے منڈی میں آنے سے پہلے) نہ ملو!

فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرٰی مِنْهُ

جس شخص نے قافلے سے مل کر کچھ سامان (سستا) خرید لیا

فَاِذَا اَتٰی سَیِّدُهُ السُّوْقَ فَهُوَ بِالْخِیَارِ

پھر اگر سامان کا مالک، خود منڈی پہنچ کر اصلی قیمت معلوم کر لے تو اسے اختیار ہے (چاہے تو معاہدے کو باقی رکھے، یا منسوخ کر دے)۔''

(صحیح مسلم 'کتاب البیوع، باب 5، حدیث 1519)

439:- Narrated Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "Do not meet the (trading) caravans (before their goods reach the market). Anyone who met them and bought something from them (at a cheaper rate), the owner of the goods has a choice to validate or cancel the deal after coming to the market (and finding out the real price)."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خریدار اور فروخت کنندہ جدا ہونے سے پہلے اسی مجلس میں طے شدہ سودے کو منسوخ کر سکتے ہیں

The buyer and the vendor can cancel the deal in the same sitting before they depart.

(440) عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتَفَرَّقَا

''دونوں سودا کرنے والوں کو جدا ہونے سے پہلے (اُسی مجلس میں سودے کو منسوخ کرنے کا) اختیار حاصل ہے۔''

(صحیح بخاری، کتاب البیوع، باب 19، حدیث 2079)

440:- Narrated Hakeem bin Hizaam رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet صلی اللہ علیہ وسلم said:
"The vendor and the buyer have got the choice to confirm or cancel the deal before they depart."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناپ تول کے احکام

Injunctions regarding weights and measures.

اہلِ مدینہ کی اِصلاح

Reformation of people of Madinah.

(441) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ :

لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ الْمَدِيْنَةَ كَانُوْا مِنْ اَخْبَثِ النَّاسِ كَيْلًا

''جب نبی اکرم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو اہلِ مدینہ ناپ تول میں بہت زیادہ برے تھے۔

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ فَاَحْسَنُوا الْكَيْلَ بَعْدَ ذٰلِكَ

لیکن جب اللہ تعالیٰ نے قرآن میں (وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ)

(تباہی ہے، ڈنڈی مارنے والوں کیلئے) نازل فرمائی تو وہ درست ناپ تول کرنے لگے۔

(سنن ابن ماجه ' كتاب التجارات ، باب 35 ، حديث 2223)

441:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا:
"When the Prophet (PBUH) came to Madinah, the inhabitants of Madinah were the worst people in measures. Then Allah revealed soorah "وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ" (woe to defrauders {those who cheat with the scales}) and they began to measure correctly."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(442) عَنْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِذَا بِعْتَ فَكِلْ وَاِذَا ابْتَعْتَ فَاكْتَلْ

''بیچو تو ماپ کر بیچو! اور خریدو تو ماپ کر خریدو!

(یعنی حجم Volume کا محض اندازہ نہ لگاؤ، بلکہ ٹھیک ٹھیک حساب کرو!)''

(صحیح بخاری 'کتاب البیوع، باب 51، عن عثمانؓ)

442:- Narrated Uthman رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: When you sell something measure it and when you buy something measure it.

ناپ اور تول میں کمی ہلاکت کا سبب بنتی ہے

Giving less in measure and weight causes destruction.

نبی اکرم ﷺ نے ناپ تول کرنے والوں سے فرمایا:

(443) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِنَّكُمْ قَدْ وُلِّيتُمْ اَمْرَيْنِ
هَلَكَتْ فِيهِ الْاُمَمُ السَّالِفَةُ قَبْلَكُمْ

''تمہیں (امتِ محمدیہ ﷺ کو) ایسے دو معاملات سپرد کئے گئے ہیں، جن کی بناء پر سابقہ قومیں ہلاک ہوئیں۔'' (ترمذی 'کتاب البیوع، باب 9، حدیث 1217)

443:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا: The Prophet (PBUH) said to the people who used to weigh and measure: "You have been entrusted with two things for which the previous nations were destroyed."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذخیرہ اندوزی

Hoarding

(444) عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِئٌ

''ذخیرہ اندوزی کرنے والا، خطا کار و گناہ گار ہوتا ہے۔''

(صحیح مسلم 'کتاب المساقاة ، باب26 ، حدیث 1605)

444:- Narrated Mu'ammar bin Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:
"Whoever hoards is a sinner."

(445) عَنْ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

الْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ وَالْمُحْتَكِرُ مَلْعُوْنٌ

''منڈی میں غلہ لانے والے کو رزق دیا جاتا ہے،
جب کہ غلہ روکنے والے ذخیرہ اندوز پر لعنت کی جاتی ہے۔''

(سنن ابن ماجه 'کتاب التجارات ، باب 6 ، حدیث 2153)

445:- Narrated Umar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا , The Prophet ﷺ said:
"The one who brings the grain to the market is fortunate and the one who hoards it is cursed."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(446) عَنْ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنِ احْتَكَرَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ طَعَامَهُمْ

''ذخیرہ اندوزی کر کے مسلمانوں کو غلے سے محروم کرنے والے کو

ضَرَبَهُ اللّٰهُ بِالْجُذَامِ وَالْإِفْلَاسِ

اللہ تعالیٰ جذام اور مفلسی میں مبتلا کر دیتا ہے۔''

(سنن ابن ماجه 'كتاب التجارات ، باب 6 ، حديث 2155، صحيح)

446:- Narrated Umar رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said:
"The person who hoards and deprives the muslims from grain will be inflicted with leprosy and poverty by Allah."

(447) عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِحْتِكَارُ الطَّعَامِ فِي الْحَرَمِ اِلْحَادٌ فِيْهِ

''حرم مکہ کے حدود میں ذخیرہ اندوزی، بے دینی اور کفر ہے''۔

(سنن ابی داؤد' كتاب المناسک ، باب 90 ، حديث 2020)

447:- Narrated Ya'laa Bin Umayyah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said:
Hoarding within the boundaries of sanctuary of Makkah amounts to apostasy.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غصب

Usurpation

(448) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا

''جس شخص نے ظالمانہ طور پر، ایک بالشت زمین بھی غصب کی،

فَاِنَّهٗ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ

اسے قیامت کے دن، سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا۔''

(صحیح بخاری' کتاب بدءالخلق ، باب 2 ، حدیث 3198)

448:- Narrated Sa'id bin Zaid رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: "Anyone who took a foot of ground by oppression he will have the necklace of seven earths around his neck on the day of Judgement."

سرکاری ملازمین کے حقوق

Rights of goverment officials

(449) عَنْ مُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ كَانَ لَنَا عَامِلًا فَلْيَكْتَسِبْ زَوْجَةً

فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهٗ خَادِمٌ فَلْيَكْتَسِبْ خَادِمًا

''جو ہماری حکومت کا عہدیدار ہے، وہ شادی کے اخراجات بیت المال سے حاصل کر سکتا ہے۔ نوکر نہ ہو تو نوکر بھی لے سکتا ہے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهُ مَسْكَنٌ فَلْيَكْتَسِبْ مَسْكَنًا

اگر رہنے کے لئے گھر نہ ہو تو اس کا انتظام بھی حکومت کے ذمے ہے۔

مَنِ اتَّخَذَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَهُوَ غَالٌّ اَوْ سَارِقٌ

لیکن اس کے علاوہ کوئی بھی چیز (حکومت کے خزانے سے) حاصل کرے گا تو وہ خائن ہو گا (یا فرمایا: چور ہوگا)۔"

(سنن ابی داؤد 'کتاب الخراج ، باب 10 ، حدیث 2945)

449:- Narrated Mustawrid bin Shaddaad رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
"Whoever is an official of our government can take the expenses of his marriage from the treasury. If he does not have a servant, he can take a servant and if he does not have a house, he can have a house on government expenses. Whoever took anything more than these things from the treasury will be considered a cheat (or a thief)."

(450) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ صَاحِبُ مَكْسٍ

"(رشوت یا ظلم و زیادتی پر مبنی) بھتہ وصول کرنے والا عہدیدار، جنت میں داخل نہیں ہوگا۔"

(سنن ابی داؤد 'کتاب الخراج ، باب 7 ، حدیث 2937)

450:- Narrated Uqba bin Amir رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:
"Whoever (of the government officials) takes more than his official entitlement will not enter paradise." (To acquire illegal money by exploiting his official authority)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیوالیہ

Bankruptcy

(451) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَیُّمَا رَجُلٍ اَفْلَسَ

''جو شخص بھی دیوالیہ (Bankrupt) ہو جائے،

فَاَدْرَكَ الرَّجُلُ مَتَاعَهٗ بِعَیْنِهٖ

اور اس کے پاس مختلف لوگوں کی امانتیں اور قرض ہو، اور پھر کوئی قرض دار یا امانت رکھنے والا اپنا وہی مال، اس کے ہاں پالے، جو اس نے رکھوایا تھا،

فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ مِنْ غَیْرِهٖ

تو دوسرے کی بہ نسبت، وہی شخص مال کا زیادہ حقدار ہوگا''۔

(جیسے اگر بینک دیوالیہ ہو جائے تو لاکروں (Locker) کی امانت، لاکر والوں کو جوں کی توں واپس کر دی جائے گی)''

(سنن ابی داؤد ' کتاب الاجارة ، باب 76 ، حدیث 3519، صحیح)

451:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: If a person becomes bankrupt and he has the securities and loans of different people with him. Than one of the lenders or those who have entrusted him with something finds his goods with him, he has got more right then other to take his goods. (e.g. If a bank becomes bankrupt, the securities in the lockers will be given to their owners as they are.)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رشوت

Bribery

(452) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ قَالَ :

لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم الرَّاشِیَ وَالْمُرْتَشِیَ

''اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر لعنت کی ہے۔''

(سنن ابی داؤد ' کتاب الأقضیة ، باب 4 ، حدیث 3580)

452:- Narrated Abdullah bin Amr رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا :
"The Prophet (PBUH) has cursed the person who takes bribe and the person who gives it."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سود Interest

(453) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ :

لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اٰكِلَ الرِّبَا وَ مُوْكِلَهٗ

''رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے اور سود کھلانے والے پر لعنت کی ہے۔

وَ كَاتِبَهٗ وَ شَاهِدَيْهِ وَقَالَ: هُمْ سَوَاءٌ

سود کی دستاویز لکھنے والے اور سود کے دونوں گواہوں پر لعنت کی ہے، نیز فرمایا: یہ تمام برابر ہیں۔'' (صحیح مسلم ' کتاب المساقاة ، باب 19 ، حدیث 1598)

453:- Narrated Jabir رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا:
"The Prophet (PBUH) has cursed the person who takes interest, the person who gives it, the person who writes its contract , the two persons who are its witnesses and he (PBUH) said: "They are all equal (in sin)."

(454) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَتَيْتُ لَيْلَةً اُسْرِیَ بِیْ عَلٰی قَوْمٍ

''اسراء (معراج) کی رات، میں ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا،

بُطُوْنُهُمْ كَالْبُيُوْتِ فِيْهَا الْحَيَّاتُ

جن کے پیٹ گھروں کی مانند تھے، ان کے پیٹوں میں سانپ تھے،

تُرٰی مِنْ خَارِجِ بُطُوْنِهِمْ

جو پیٹ کے باہر سے دیکھے جا سکتے تھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيْلُ ؟

میں نے پوچھا: اے جبرائیل! یہ کون ہیں؟

قَالَ: هٰؤُلَاءِ اٰكِلَةُ الرِّبَا

انہوں نے بتایا ''یہ سود خور ہیں''۔

(سنن ابن ماجه ، كتاب التجارات ، باب 58 ، حديث 2273، ضعيف)

454:- Narrated Abu Hurairah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ, The Prophet ﷺ said: During the night of journey to heavens I came across a group of people whose bellies were like houses which had snakes in them that were visible from outside. I asked: "Who are these people, O Gabriel?" He replied: "They are the usurers (those who took interest)."

سود اور زنا میں تقابل

Comparison between usury and fornication

(455) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

اَلرِّبَا سَبْعُوْنَ حُوْبًا

''سود کے گناہ کے ستر (70) حصے ہیں،

اَيْسَرُهَا اَنْ يَّنْكِحَ الرَّجُلُ اُمَّهٗ

سب سے معمولی حصے کا گناہ، آدمی کا اپنی والدہ سے زنا کے برابر ہے۔''

(سنن ابن ماجه' كتاب التجارات ، باب 58 ، حديث 2274، صحيح)

455:- Narrated Abu Hurairah رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ, The Prophet ﷺ said: The sin of interest has seventy degrees and the slightest degree is like marrying (having illegitimate relationship with) your mother.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(456) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ بَيْعِ الصُّبْرَةِ مِنَ التَّمْرِ لَا يُعْلَمُ مَكِيْلُهَا

''رسول اللہ ﷺ نے غیر متعین حجم (Non-Measured) کے کھجوروں کے ڈھیر کے بدلے میں

بِالْكَيْلِ الْمُسَمّٰى مِنَ التَّمْرِ

متعین حجم (Volume) کی کھجوروں کی خرید وفروخت سے منع کیا ہے۔''

(صحیح مسلم 'کتاب البیوع، باب 9، حدیث 1530)

456:- Narrated Jabir bin Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا:
The Prophet (PBUH) has forbidden the sale of a non-measured pile of dates in exchange for a measured pile of dates.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امانت اور خیانت

Trust and breach of trust.

(457) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِذَا ضُیِّعَتِ الْاَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ

''جب 'امانت' کو ضائع کیا جانے لگے تو قیامت کا انتظار کرنا''

قَالَ: كَيْفَ اِضَاعَتُهَا؟

کسی نے پوچھا: امانتوں کا ''ضیاع'' کیسے ہوگا؟

قَالَ: اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰى غَيْرِ اَهْلِهٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ

آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب حکومت کے معاملات، نااہلوں کے سپرد کر دیئے جائیں تو قیامت کا انتظار کرنا!'' **(صحیح بخاری 'کتاب العلم، باب 2، حدیث 59)**

457:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: "When honesty is lost, wait for Doomsday." Someone asked: "How will this be lost?" The Prophet (PBHU) replied: "When the authority is entrusted to those who do not deserve it, wait for the Doomsday."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چور کی سزا

Punishment of thief

(458) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ

''چور پر اللہ کی لعنت!''

یَسْرِقُ الْبَیْضَةَ فَتُقْطَعُ یَدُهٗ

کہ ایک (سونے کا) انڈا چراتا ہے اور اسکے بدلے اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے

وَیَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ یَدُهٗ

ایک سونے کی چین چراتا ہے اور اس کے بدلے اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے''۔

(صحیح بخاری 'کتاب الحدود ،باب 7 ، حدیث 6783)

458:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: Allah has cursed the thief. He steals an egg (of gold) and his hand is cut off and he steals a cord (gold chain) and his hand is cut off.

(459) عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

تُقْطَعُ یَدُ السَّارِقِ فِیْ رُبُعِ دِیْنَارٍ

''چوتھائی دینار سے زیادہ کی چوری پر، چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا''۔

(دینار سونے کی ایک کرنسی ہے)

(صحیح بخاری 'کتاب الحدود ، باب 13 ، حدیث 6790)

459:- Narrated Aishah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: The thief's hand will be cut off for the theft of quarter of a Dinar (or more). (Dinar is a gold currency).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(460) عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

خَيْرُكُمْ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ

''تمہارے ادوار میں بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے،
پھر ان لوگوں کا، جو ان کے نزدیک ہوں گے (تابعین)،

ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ

پھر ان کا، جو ان کے نزدیک ہوں گے (تبع تابعین)۔

اِنَّ بَعْدَكُمْ قَوْمًا يَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ

یقیناً تمہارے بعد کے لوگ خیانت کریں گے، ان پر بھروسہ نہیں کیا جائے گا۔

وَيَشْهَدُوْنَ وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ

وہ گواہی دیں گے، حالانکہ ان سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی،

وَيَنْذِرُوْنَ وَلَا يَفُوْنَ

وہ نذریں مانیں گے، لیکن انہیں پوری نہیں کریں گے

وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ

ان میں موٹاپا پھیل جائے گا۔''

(صحیح بخاری 'کتاب الشهادات ، باب 9 ، حدیث 2651)

460:- Narrated Imran Bin Haseen رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said: The best among you are those of my period (companions/ Sahabah), then the period of those who meet them (called successors/ tabieen), then the period of those who meet them (those who come after the successors called tabatabieen). Indeed after you will come a people who are dishonest and who will not be trusted. They will give evidence without being asked for it. They will make vows but will not fulfill them and obesity will spread among them.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیانت اور بھوک سے پناہ مانگنی چاہئے

One should seek Allah's refuge from dishonesty and hunger.

(461) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ

''اے اللہ! میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں،

فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِیْعُ

کیونکہ یہ ایک بری ساتھی ہے

وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِیَانَةِ

اور میں خیانت سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں،

فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

کیونکہ یہ بھی ایک برا راز دان ہے''۔

(سنن ابی داؤد 'کتاب الصلاۃ ، باب فی الاستعاذۃ 367 ، حدیث 1547)

461:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: "O Allah! I seek your refuge from hunger because it is the worst companion and I seek your refuge from dishonesty because it is the worst of trusties."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خائن کیساتھ بھی خیانت جائز نہیں

Dishonesty is not permissible even with the dishonest person.

(462) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلٰی مَنِ ائْتَمَنَكَ

''امانت دار کی امانت واپس کرو!

وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ

اور خیانت کرنے والے کے ساتھ بھی خیانت نہ کرو!''۔

(سنن ابی داؤد ''کتاب البیوع و الاجارة ، باب 81 ، حدیث 3535)

462:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: Return the trust to the person who entrusted you with it: And do not betray the person who has betrayed you.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شراکت Partnership

(463) عَنْ عُرْوَةَ بْنِ زُبَيْرٍؓ قَالَ:

اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اَعْطَاهُ دِيْنَارًا لِيَشْتَرِيَ بِهٖ شَاةً

''رسول ﷺ نے ان (حضرت عروہؓ) کو بکری خریدنے کے لئے ایک دینار دیا،

فَاشْتَرٰى لَهٗ بِهٖ شَاتَيْنِ

انہوں نے اس دینار سے دو بکریاں خریدیں،

فَبَاعَ اِحْدٰهُمَا بِدِيْنَارٍ

پھر ان میں سے ایک بکری کو ایک دینار میں فروخت کر دیا۔

وَجَاءَ بِدِيْنَارٍ وَشَاةٍ

وہ آپ ﷺ کے پاس ایک بکری اور ایک دینار لے کر آئے۔

فَدَعَا لَهٗ بِالْبَرَكَةِ فِيْ بَيْعِهٖ

رسول اللہ ﷺ نے ان کے لئے کاروبار میں برکت کی دعا فرمائی۔

وَكَانَ لَوِ اشْتَرَى تُرَابًا لَرَبِحَ فِيْهِ

(اس دعا کے نتیجے میں) وہ مٹی بھی خرید لیتے تو ان کو نفع حاصل ہوتا''۔

(بخاری، کتاب المناقب، باب 28، حدیث 3642)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

463:- Narrated Urwah bin Zabir رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا,
The Prophet (PBUH) gave him (Urwah (R.A.)) a Dinar to buy a goat but he bought two goats with it. Then he sold one of them for one Dinar and c ame to the Prophet (PBUH) with a goat and a Dinar. The Prophet (PBUH) prayed for blessings in his business and (as a result of this prayer) if he bought dust he would benefit from it.

مہاجرین وانصار کی شراکت

Partnership between immigrants and the helpers.

(464) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ :

قَالَتِ الْاَنْصَارُ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

''انصار نے نبی ﷺ سے عرض کیا،

اِقْسِمْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ اِخْوَانِنَا النَّخِیْلَ !

ہمارے اور ہمارے (مہاجر) بھائیوں کے درمیان کھجوروں کے درخت تقسیم کر دیں!

قَالَ : لَا

آپ ﷺ نے فرمایا: میں تقسیم نہیں کروں گا،

فَقَالُوْا: تَکْفُوْنَا الْمَؤُوْنَةَ

اس پر انصار نے کہا: ہمارے لئے ان کی محنت اور مشقت کفایت کرے گی

وَنُشْرِکُکُمْ فِی الثَّمَرَةِ

اور ہم انہیں پھلوں میں شریک کر لیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْا: سَمِعْنَا اَطَعْنَا

مہاجرین نے بخوشی اس پیشکش کو قبول کر لیا''۔

(صحیح بخاری 'کتاب المزارعة ، باب 5 ، حدیث 2325)

464:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: The helpers (the people of Madinah/the Ansar) asked the Prophet (PBUH) to divide the palm trees between them and their brethren from Makkah. The Prophet (PBUH) said: "No". They said: "Their hard-work will be enough for us and we will share the fruits with them." The immigrants accepted this offer gladly.

(465) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یَقُوْلُ:

''اللہ عزوجل فرماتا ہے:

اَنَا ثَالِثُ الشَّرِیْکَیْنِ

(کاروبار میں) دو شریک (انسانوں) کے ساتھ میں تیسرا ہوتا ہوں،

مَا لَمْ یَخُنْ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهٗ

جب تک کہ وہ دونوں ایک دوسرے سے خیانت نہ کریں۔

فَاِذَا خَانَهٗ خَرَجْتُ مِنْ بَیْنِهِمَا

اگر ایک، دوسرے سے خیانت کرے تو میں ان کے درمیان سے نکل جاتا ہوں۔''

(یعنی برکت اٹھا دی جاتی ہے) (سنن ابی داؤد 'کتاب البیوع ، باب 27 ، حدیث 3383)

465:- Narrated Abu Hurairah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: Verily Allah Almighty says: "I am the third among the two business partners until they do not betray each other. But when one of them betrays the other I leave them." (The blessing of Allah is taken away in case of deception.)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(466) عَنْ صُهَيْبٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

ثَلَاثٌ فِيْهِنَّ الْبَرَكَةُ

''تین (3) چیزوں میں برکت ہے۔

اَلْبَيْعُ اِلٰى اَجَلٍ وَالْمُقَارَضَةُ

(1) (کسی چیز کو) ادھار فروخت کرنے میں، (2) مضاربت وشراکت میں

وَ اَخْلَاطُ الْبُرِّ بِالشَّعِيْرِ لِلْبَيْتِ

(3) اور گھر کے استعمال کے لئے گندم اور جو ملانے میں بھی برکت ہے

لَا لِلْبَيْعِ

(لیکن یاد رہے) کاروبار کے لئے، گندم اور جو کا ملانا جائز نہیں''۔

(سنن ابن ماجه 'كتاب التجارات ، باب 63 ، حديث 2289، ضعيف)

466:- Narrated Suhaiib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا, The Prophet ﷺ said: "Three things have blessings in them: (1) sale on credit (2) silent partnership, and (3) mixing the wheat with barley for home use but mixing them for sale is not permissible."

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوکراور ملازم کے حقوق

Rights of Servant and employee.

(467) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهٗ وَكِسْوَتُهٗ

''نوکر (ملازم) کے لئے کھانا اور لباس فراہم کرنا واجب ہے،

وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا يُطِيْقُ

اور اُس پر صرف اُسی کام کی ذمے داری ہے، جس کی وہ استطاعت رکھتا ہے۔''

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب 10، حدیث 1662)

467:- Narrated Abu Hurairah رضی اللہ تعالیٰ عنہا, The Prophet ﷺ said: It is obligatory to provide the servant with food and dress and he is not obliged to do more them his capacity.

ملازمین کی تنخواہ

Salary of the employees

(468) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ اَنْ يَجِفَّ عَرَقُهٗ

''مزدور کی مزدوری، اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو!''

(سنن ابن ماجه، کتاب الرهون، باب 4، حدیث 2443، صحیح)

468:- Narrated Abdullah bin Umar رضی اللہ تعالیٰ عنہما, The Prophet ﷺ said: Give the labourer, the reward of his labour before his swcat is dried.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(469) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْعَبْدُ اِذَا نَصَحَ سَيِّدَهٗ

''غلام (نوکر)، جب اپنے آقا کا خیر خواہ ہو

وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَيْنِ

اور اپنے رب کی عبادت اچھے طریقے سے کرے تو اسے دوگنا اجر ملے گا''۔

(صحیح بخاری، کتاب العتق، باب 16، حدیث 2546)

469:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

If a slave is loyal to his master and performs the service of his master properly, he will get double reward.

آقا کے حقوق

The rights of the master.

(470) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

اَلْخَادِمُ فِيْ مَالِ سَيِّدِهٖ رَاعٍ

''نوکر، اپنے آقا کے مال کا ذمے دار ہے

وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ

اور وہ اپنی ذمے داریوں کے بارے میں جواب دہ بھی ہے''۔

(صحیح بخاری، کتاب العتق، باب 19، حدیث 2558)

470:- Narrated Abdullah bin Umar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said:

The servant is the guardian over the property of his master and he is responsible for what is under his guardianship.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(471) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَحْيَا أَرْضاً مَيْتَةً فَهِيَ لَهُ

جس نے کسی بنجر زمین کو آباد کیا وہ اُسی کی ہوگی۔

(جامع ترمذی، کتاب الأحکام، باب 38، حدیث 1379، عن جابرؓ)

471:- Narrated Jabir رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: Whoever cultivated the barren land, it will be his

(472) عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ اَعْمَرَ اَرْضًا لَيْسَتْ لِاَحَدٍ

''جس نے کسی ایسی (بنجر) زمین کو آباد کیا، جو کسی کی ملکیت نہیں تھی،

فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا

تو آباد کرنے والا ہی اس زمین کا زیادہ حق دار ہوگا۔''

(صحیح بخاری، کتاب الحرث و المزارعة، باب 15، حدیث 2335، عن عائشةؓ)

472:- Narrated Aishah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا, The Prophet ﷺ said: Whoever cultivated the land which did not belong to anyone, he has more right for its possession.(as well as ownership)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گیارہواں باب

اجتماعیت

Social Justice

(Sociology)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عصبیت

(Prejudice is the blind support of your race, colour, family, nation, tribe, caste, language and region etc.)

(عصبیت سے مراد، اپنی نسل، رنگ، خاندان، قوم، برادری، ذات، زبان، علاقے وغیرہ کی اندھی حمایت ہے)

(473) عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ ؓ قَالَ :

قُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَا الْعَصَبِيَّةُ؟

"حضرت واثلة بن اسقع ؓ نے دریافت کیا: یارسول اللہ! عصبیت کیا چیز ہے؟

قَالَ : اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ

آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا اپنی قوم کے ظلم کے باوجود، اس کی مدد کرنا عصبیت ہے۔"

(سنن ابی داؤد کتاب الأدب ، باب 121 ، حدیث 5119)

473:- Narrated Wathilah Bin Asquah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا
I asked the Prophet ﷺ : "O Messenger of Allah! What is prejudice?" The Prophet (PBUH) said: "That you help your people in oppression." (Even if they are the transgressors)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(474) عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلٰى عَصَبِيَّةٍ

''عصبیت کی طرف بلانے والا، ہم میں سے نہیں ہے،

وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ

عصبیت کے نام پر قتال کرنے والا، ہم میں سے نہیں ہے،

وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ

اور عصبیت پر موت پانے والا بھی، ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں ہے''۔

(سنن ابی داؤد' کتاب الأدب ، باب 121، حدیث 5121)

474:- Narrated Jubair bin Mut'im رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا, The Prophet ﷺ said: Whoever gave call for prejudice is not one of us, and whoever fought for prejudice is not one of us, and whoever died for prejudice is not one of us.

(475) عَنْ جُنْدَبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَلْبَجَلِيِّ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عُمِّيَّةٍ يَدْعُوْ عَصَبِيَّةً

''جو شخص عصبیت کی اندھا دھند حمایت میں، کسی عصبیت کی طرف بلاتے ہوئے،

اَوْ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

یا کسی عصبیت ہی کی مدد کرتے ہوئے قتل کیا جائے تو اس کا یہ قتل، جاہلیت کا قتل ہوگا''۔

(صحیح مسلم ، کتاب الامارة ، باب13 ، حدیث 1850)

475:- Narrated Jundab bin Abdullah Al-Jubli رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا , The Prophet ﷺ said:
Whoever was killed helping blindly the call for prejudice or helping some kind of prejudice, his murder will be considered the murder of pre-Islamic period.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(476) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ قُتِلَ فِيْ عِمِّيَّةٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ بِحَجَرٍ

''جو شخص اندھی مخالفت میں، یا تعصب کی وجہ سے، پتھر سے،

اَوْ سَوْطٍ اَوْ عَصًا فَعَلَيْهِ عَقْلُ الْخَطَاءِ

کوڑے یا ڈنڈے سے قتل کیا جائے تو اس کی دیت لازم ہوگی (جیسے قتل خطا میں ہے)

وَمَنْ قَتَلَ عَمَدًا فَهُوَ قَوَدٌ

اور جو عمداً قتل کرے تو قاتل پر قصاص ہوگا۔

وَمَنْ حَالَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

اور جو شخص، دیت یا قصاص میں حائل ہو جائے تو اس پر اللہ،

وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔

لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

اس کا نہ نفل عمل قبول ہوگا اور نہ فرض''۔

(سنن ابن ماجه' كتاب الديات ، باب 8 ، حديث 2635، صحيح)

476:- Narrated Abdullah bin Abbas رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا, The Prophet ﷺ said:

